# مسلم و کافر میں کونسی پاٹنر شپ جائز ہے؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں ایک کافر کے ساتھ شرکت کرنے جارہاہوں تو کیا یہ جائز ہے شرکت کی بنیادی قسمیں بھی بیان کردیں اور کونسی شرکت کافر و مسلم میں جائز ہے؟

سائل: ذیشان (انڈیا)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

شرکت کی بنیادی دو قسمیں مفاوضہ و عنان۔ اور شرکت عنان کافر و مسلم کے درمیان جائز ہے جبکہ شرکت مفاوضہ مسلم و کافر کے درمیان نہیں ہوسکتی ہے۔شرکت مفاوضہ یہ ہے کہ ہر ایک دوسرے کا وکیل و کفیل ہو یعنی ہر ایک کا مطالبہ دوسرا وصول کرسکتا ہے اور ہر ایک پر جو مطالبہ ہوگا دوسرا اُسکی طرف سے ضامن ہے۔لہذا اس میں ایک پر جو دین لازم آیا دوسرااسکا ضامن ہے ۔اب وہ دین خواہ تجارت کی وجہ سے لازم آیا ہو یا اُس نے کسی سے قرض (دستگردان) لیا ہو یا کسی کی کوئی چیز غصب کرکے ہلاک کردی ہو۔ ہر حال میں اسکا دو سرا شریک بھی ضامن ہو گا ۔کماذکر المتون

ان کڑی شرائط کی وجہ سے یہ اکثر نہیں پائی جاتی اور نہ ہی عوام میں مشہور ہے۔

اور شرکت عنا ن یہ ہے کہ دوشخص کسی خاص نوع کی تجارت یا ہر قسم کی تجارت میں شرکت کریں مگر ہرایک دوسرے کا ضامن نہ ہو اور یہ کافر و مسلم کے درمیان جائز ہے ۔

جیساکہ فتاوی ہندیہ میں ہے: فَتَجُوزُ هَذِهِ الشَّرِكَةُ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْبَالِغِ وَالصَّبِيِّ الْمَأْذُونِ وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ الْمَأْذُونِ فِي التِّجَارَةِ وَالْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ، كَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَانْ. وَفِي التَّجْرِيدِ " وَالْمُكَاتَبِ "، كَذَا فِي التَّهْذِيبِ" شرکت عنان مردو عورت کے درمیان ،بالغ اور صبی ماذون اور آزادو غلام ماذون کے درمیان اورمسلم و کافر کے درمیان جائزہے۔

("الفتاوی الھندیۃ"،کتاب الشرکۃ،الباب الثالث فی العنان،الفصل الأول،ج۲،ص۳۱۹)

اوربہار شریعت میں ہے :شرکت عنان مردو عورت کے درمیان ،مسلم و کافر کے درمیان ،بالغ اور نا بالغ عاقل کے درمیان جبکہ نا بالغ کو اسکے ولی نے اجازت دیدی ہو اور آزادو غلام ماذون کے درمیان ہو سکتی ہے۔

(بہار شریعت ج2 حصہ 10 ص499)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date: 20-5-2018

**What kind of partnership is permissible between a Muslim and non-Muslim in business?**

الحمد لله والصلوة والسلام علی رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: I am about to go into partnership with a non-Muslim, so is this permissible. Please can you also mention the basic types of partnership and which ones are permissible between a Muslim and non-Muslim?**

Questioner: Zeeshan from India

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايۃَ الحَق والصواب

There are two fundamental types of partnership:

1. Mufāwadah [complete]

2. ‘Inān [partial]

‘Inān [partial] partnership between a Muslim and non-Muslim is permissible, whereas there cannot be mufawādah [complete] partnership between a Muslim and non-Muslim. Mufāwadah [complete] partnership is when they are each other’s representative and bailsman [i.e. liable for one another], meaning one can fulfil the responsibilities of the other and if one has any dues, the other will be responsible for them. Thus, the debt which one is liable for would mean that the other is liable & shares mutual responsibility for this also, just as it is mentioned in the books of mutūn.

Due to the conditions for this being interlinked, they are not usually found nor are they well known among people.

‘Inān [partial] partnership is when two partners do business in a specific type of trade or they do business all in types of trade but one is not liable for the other, and this is permissible between a Muslim and non-Muslim.

Just as it is stated in Fatāwā Hindiyyah,

فَتَجُوزُ هَذِهِ الشَّرِكَةُ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْبَالِغِ وَالصَّبِيِّ الْمَأْذُونِ وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ الْمَأْذُونِ فِي التِّجَارَةِ وَالْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ، كَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَانْ. وَفِي التَّجْرِيدِ " وَالْمُكَاتَبِ "، كَذَا فِي التَّهْذِيبِ"

“‘Inān partnership is permissible between a man & woman, a mature person & non-mature person who is permitted [by his guardian to perform transactions], a non-slave & slave who is permitted [by his owner to perform transactions] and a Muslim & non-Muslim.”

[al-Fatāwā al-Hindiyyah, vol 2, ch 1, part 3, pg 319]

In addition, it is stated in Bahār-e-Sharī'at that there can be an 'Inān [partial] partnership between a man & woman, Muslim & non-Muslim, a mature and non-mature of understanding when the guardian of such has given permission [for him to perform transactions on his behalf] and a non-slave & slave who is permitted [i.e. on behalf of his owner].

[Bahār-e-Sharī'at, vol 2, part 10, pg 499]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali